تعارف و تبصرہ

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

نام کتاب : اسلامی آدابِ زندگی
مرتب : محمد منصور الزمان صدیقی
پیش لفظ : عبدالقیوم حقانی
ضخامت: 940 صفحات ۔ قیمت : درج نہیں
ملنے کا پتہ: سید محمد حقانی' جامعہ ابوہریرہ برانچ پوسٹ آفس' خالق آباد' نوشہرہ

اسلام مکمل ضابطۂ حیات ہے۔ زندگی میں پیش آنے والی ہر صورت حال میں یہ راہنمائی فراہم کرتا ہے۔ اسلامی تعلیمات کے بنیادی مآخذ قرآن و سنت ہیں۔ پھر قرآن و سنت کی روشنی میں ہر طرح کے مسائل کا حل علمائے اُمت نے واضح کر دیا ہے۔ لیکن ضرورت اس بات کی ہے کہ اسلامی طرزِ معاشرت سے واقفیت حاصل کی جائے تاکہ اس کے مطابق صحیح اسلامی اندازِ حیات اپنایا جا سکے۔ پس اسی مقصد کے پیشِ نظر مصنف نے یہ ضخیم کتاب لکھی ہے۔ یہ کتاب تیرہ ابواب پر مشتمل ہے' ہر باب ایک مستقل عنوان ہے۔ عبادات کی اہمیت کے ساتھ ساتھ حقوق العباد کی ادائیگی میں کوتاہی کی سنگینی بھی واضح کی گئی ہے۔ نماز' روزہ' حج اور زکوٰۃ کے ضروری مسائل جن سے ہر مسلمان کو واقف ہونا چاہیے' تفصیل کے ساتھ بیان کیے گئے ہیں۔ خرید و فروخت کے معاملات میں ضروری راہنمائی فراہم کی گئی ہے نیز روزی کمانے کے جائز و ناجائز ذرائع کی وضاحت کے ساتھ ساتھ مال و دولت کے اچھے اور بُرے مصرف بھی واضح کیے گئے ہیں۔ خدمت خلق کی اہمیت' زوجین کے حقوق' والدین اور اولاد کے حقوق' تبلیغ و اصلاح کی اہمیت' رسومات و بدعات' خواتین کے فرائض و حقوق اور دائرہ کار اور فرق باطلہ کے عنوانات کے تحت صحیح اسلامی تعلیمات سے روشناس کرایا گیا ہے۔ الغرض یہ کتاب ہر مسلمان گھرانے کی ضرورت ہے۔ اسلامی آداب زندگی کے متعلق اس قدر جامع معلومات یکجا فراہم کرنے پر مصنف تحسین و آفرین کا مستحق ہے۔ کتاب خوبصورت ٹائٹل کے ساتھ حسن ظاہری سے بھی مزین ہے۔ کاغذ سفید اور کمپوزنگ معیاری ہے۔